# بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

کراچی بائی پاس (نیشنل ہائی وے) بہاولپور

فون نمبر 0345-8880202 0301-6672323


ریفرنس نمبر: بی سی آئی/بی ڈبلیو پی/2023-05(188)

مورخہ 03 مئی 2023

## کاروائی ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقدہ مورخہ 03 مئی 2023ء

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس 03 مئی 2023ء بروز بدھ بوقت 11:30 بجے دن زیر صدارت صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان منعقد ہوا۔ جس میں درج ذیل اراکین شریک ہوئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | جناب چوہدری ذوالفقار علی مان | (صدر) | آئیڈیل پاکستان انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان |
| 2- | جناب حنیف احمد | (سینئر نائب صدر) | السعید گارمنٹس اینڈ شوز، بہاولپور |
| 3- | جناب عدیل خالد | (نائب صدر) | دوآبہ آئل انڈسٹریز، بہاولپور |
| 4- | جناب شہزاد احمد | (ممبر) | غوث الاعظم فلور ملز، لودھراں |
| 5- | جناب محمد سہیل صدیق | (ممبر) | سہیل وقاص پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| 6- | جناب عباس علی | (ممبر) | ہماسلک سنٹر، بہاولپور |
| 7- | جناب سید مزمل حسین | (ممبر) | انیق سپر سٹور، بہاولپور |
| 8- | جناب محمد ارشد نذر رحمانی | (ممبر) | رحمانیہ ایسوسی ایٹس بہاولپور |
| 9- | جناب محمد عارف | (ممبر) | جنید کاٹن جننگ پریسنگ اینڈ آئل ملز، احمد پور شرقیہ |
| 10- | جناب شیخ محمد خرم اظہار | (ممبر) | سبزازار میرج لان، بہاولپور |
| 11- | جناب عامر ممتاز | (ممبر) | عامر ممتاز ٹریڈرز، احمد پور شرقیہ |
| 12- | جناب مرید احمد نعیم | (ممبر) | مرید اینڈ کو، اوچ شریف |

تلاوت کلام پاک سے میٹنگ کا آغاز ہوا۔ صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو اراکین کو میٹنگ میں شرکت کرنے پر انہیں خوش آمدید کہا۔ اس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور پر غور لائے گئے۔

**ایجنڈا نمبر 1:- سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 04 مارچ 2023ء کی کاروائی کی توثیق۔**

میٹنگ میں گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس منعقدہ مورخہ 04 مارچ 2023ء کی کاروائی برائے توثیق پیش کی گئی، جسے ہاوس نے بعد غور و خوض منظور کر لیا اور اتفاق رائے سے اسکی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد منظور کر لی۔

CamScanner

**قرارداد 09/2022-23**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 04 مارچ 2023ء کی کاروائی سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور باالاتفاق رائے اس کی توثیق کرتا ہے"**

**ایجنڈا نمبر 2:- گزشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر میں آنے والی نئی ممبر شپ کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کے سامنے گزشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 04 مارچ 2023 سے لیکر موجودہ میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں ہونے والی نئی ممبر شپ کی فہرست پیش کی۔ جس کے مطابق 2 ممبر شپ برائے کارپوریٹ کلاس اور 16 ممبر شپ برائے ایسوسی ایٹ کلاس رجسٹر ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**کارپوریٹ کلاس:** 1۔ بی پی اوویزرڈ پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 2۔ پہلا قدم سیڈ کارپوریشن پرائیویٹ لمیٹڈ، ڈونگہ بونگہ بہاولنگر

**ایسوسی ایٹ کلاس:** 1۔ اتفاق کمیشن شاپ، بہاولپور 2۔ نور پاور ٹیکنالوجی، بہاولپور 3۔ مثین سلائی سنٹر، فورٹ عباس 4۔ المکہ آٹوز، بہاولپور
5۔ المکہ لبری کنٹس، بہاولپور 6۔ علی انٹرپرائزز، بہاولنگر 7۔ حاجی کراؤن سنٹر، چشتیاں 8۔ اسد ٹریڈرز، حاصل پور 9۔ سرائیکی ٹریڈرز، بہاولپور
10۔ وٹو کمیشن شاپ اینڈ زرعی سروس، کچھی والا 11۔ بھٹی آئل چینج، بہاولپور 12۔ یونائیٹڈ ٹریڈرز، بہاولپور 13۔ حافظ ٹریڈرز، بہاولپور
14۔ الاحمد بلڈرز اینڈ ریئل اسٹیٹ، بہاولپور 15۔ دلاور موٹرز، بہاولپور 16۔ اے ایچ ایگرو کیمیکلز، بہاولپور

درج بالا ممبر شپ بارے صدر چیمبر نے ہاؤس سے درخواست کی کہ موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام اراکین ایگزیکٹو کو کوشش کرنی چاہیے کہ چیمبر کی ممبر شپ میں اضافے کے لیے مل جل کر جدوجہد کی جائے تاکہ چیمبر کے اخراجات باآسانی پورے کیے جاسکیں کیونکہ ممبر شپ میں اضافے اور ممبر شپ کی تجدید کی بدولت ہی چیمبر کے فنڈز میں اضافہ ممکن ہے۔ ہاؤس نے صاحب صدر کی اس بات سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ تمام اراکین کو ممبر شپ میں اضافے کے لیے ضرور کوششیں کرنی چاہیں۔

ہاؤس نے درج بالا ممبر شپ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان کی باقاعدہ طور پر منظوری دے دی۔

**ایجنڈا نمبر 3:- گزشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر کی سرگرمیوں پر بریفنگ۔**

صدر چیمبر کی ہدایت پر سیکرٹری جنرل چیمبر نے ملٹی میڈیا کے ذریعے گزشتہ میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک (چیمبر اور چیمبر سے باہر) ہونے والے تمام پروگرامز، میٹنگز وغیرہ جن میں چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران، اراکین ایگزیکٹو اور دیگر اراکین شریک ہوئے، پر بریفنگ دی جسے جاننے کے بعد ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔

**ایجنڈا نمبر 4:- ماہ مارچ و اپریل 2023 کے دوران چیمبر میں ہونے والے اخراجات کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس میں ماہ مارچ و اپریل 2023 کے اخراجات پر مبنی گوشوارا جات برائے منظوری پیش کیے۔ سیکرٹری جنرل نے اخراجات پر مبنی گوشوارا جات پیش کرنے سے پہلے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چیمبر کی فنانس کمیٹی اپنی میٹنگ منعقدہ مورخہ 29 اپریل 2023 میں ان تمام اخراجات بمع بلز اور ووچرز ریویو کر چکی ہے۔ سیکرٹری جنرل نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ماہ مارچ و اپریل 2023 کے دوران چیمبر میں ہونیوالے اخراجات پر مبنی گوشوارا جات برائے غور وخوض و منظوری ایگزیکٹو اراکین کی فائلوں میں موجود ہیں جس کے مطابق ماہ مارچ میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ **-7,14,024** روپے اور ماہ اپریل میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ **-7,65,290** روپے ہیں۔ ہاؤس نے ان اخراجات پر مبنی گوشوارا جات پر غور وخوض کرتے ہوئے ان اخراجات کو منظور کر لیا اور باالاتفاق رائے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

**قرارداد 09/2022-23**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر ماہ مارچ میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ -7,14,024 روپے اور ماہ اپریل میں ہونیوالے**

کل اخراجات مبلغ-7,65,290 روپے کی باتفاق رائے منظوری دیتا ہے اوران اخراجات کی توثیق کرتا ہے۔"

صاحب صدر نے موجودہ اخراجات پر بات کرتے ہوئے ہاؤس کو بتایا کہ چیمبر کی موجودہ ڈائری کے اخراجات اشتہارات کی مد میں پورے کیے گئے ہیں تاہم ڈائری کی کل قیمت سے تقریباً266000 روپے کے اشتہارات کم موصول ہوئے اور یہ رقم چیمبر سے ادا کی گئی ہے اور رقم چیمبر کے موجودہ اخراجات میں شامل ہے۔

**ایجنڈا نمبر5:- صاحب صدر کی پیشگی اجازت سے زیر غور لائے جانے والے امور۔**

اس ایجنڈے پر بات کرتے ہوئے ہوئے صاحب صدر نے کہا کہ ہمارے چیمبر میں سیکرٹری جنرل روم اور سٹاف روم کے AC تبدیل کروانے کی ضرورت ہے اور ہم یہ چاہ رہے ہیں کہ ان دونوں رومز میں DC Invertor لگوائے جائیں تا کہ موسم گرما اور موسم سرما میں کام آتے رہیں اور DC Invertor کی بدولت ہمیں بجلی کی بھی کافی بچت ہوگی۔ صاحب صدر نے مزید بتایا کہ چیمبر میں ایک Latest موبائل کی بھی اشد ضرورت ہے جو کہ 4G سپورٹڈ ہوتا کہ تمام وٹس ایپ گروپس اور دیگر کاموں میں سہولت اور آسانی پیدا ہو سکے۔ ہاؤس نے صاحب صدر کی اس بات سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ چیمبر میں ضرورت کی ہر چیز کو بروقت مکمل کیا جائے تا کہ چیمبر کے معاملات میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ ہاؤس نے سیکرٹری اور سٹاف روم میں لگانے کے لیے AC اور نئے موبائل کی خرید کے لیے صاحب صدر کو اختیار دے دیا کہ وہ ان چیزوں کی بروقت خرید کروالیں۔

**چونکہ مزید کوئی نکتہ زیر غور نہ تھا لہٰذا صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کیا۔ جس کے بعد اراکین ایگزیکٹو کی چائے سے تواضع کی گئی۔**

(سیکرٹری جنرل)

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

(صدر)

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری